جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

فتویٰ

در تکفیر منکر عروج جسمی و نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام

از جناب مولانا مولوی قاضی عبید اللہ صاحب دام برکاتہم
باہتمام بندہ عاصی سید محمد محی الدین غفر اللہ ذنوبہ

در مطبع محمدی متعلقہ مدرسہ محمدی واقع مدراس رائی پیٹھہ حلیۂ طبع پوشید

سنہ ۱۳۱۱ ہجری

طبع اول

CHECKED

M.A.LIBRARY, A.M.U.
U885

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد والہ وصحبہ اجمعین

سُوال

کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ کوئی شخص یہہ اعتقاد کرتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام
کی وفات ہوکر زمین مین انکا دفن ہوچکا اور اس جسم سے انکا آسمان پر جانا ایک
لغو خیال ہے (ازالہ اوہام صفحہ ۴۴) اور کہتا ہی کہ ابتک زندہ رہنا انکا تسلیم کرلین
کچھ شک نہین کہ اتنی مدت کے گذرنے پر پیر فرتوت ہوگئے ہونگے اور اس
ہرگز لایق نہین ہونگے کہ کوئی خدمت دینی ادا کرسکین (ازالہ اوہام صہ۵) ا
مین آسمان سے انکے نزول کرنیکا انکار کرتا ہی اور احادیث صحیحہ مین جو
نزول جو وارد ہوا ہے اسکے لئے دعوی کرتا ہی کہ وہ مسیح موعود مین ہی [illegible]
صہ۳۹) اور کہتا ہے کہ جنہون نے اس عاجز کا مسیح موعود ہونا مان لیا وہ [illegible]
کی حالت سے محفوظ اور معصوم ہین اور کئی طرح کے ثواب اور اجر اور قرب
وہ مستحق ٹھہر گئے ہین (ازالہ اوہام صہ۱۷۹) اور نبوت و وحی کا دعویٰ کہ جنکو
لکھا ہے کہ مسیح موعود جو آنیوالا ہی اسکی علامت یہ لکھی ہے کہ وہ نبی خداتعالیٰ

وحی پا ہوا الا لیکن اس جگہ نبوت تامہ کاملہ مراد نہین کیونکہ نبوت تامہ کاملہ پر مہر لگ چکی ہے
بلکہ وہ نبوت مراد ہی جو محدثیت کے مفہوم تک محدود ہی جو مشکوٰۃ نبوت محمدیہ سے نور
حاصل کرتی ہی سو یہ نعمت خاص طور پر اس عاجز کو دی گئی ہی (ازالۂ اوہام صـ۱۸۲) اور
لکھا ہے مطلق نبوت ختم نہین ہوئی نہ من کل الوجوہ باب نبوت مسدود ہوا ہی اور نہ ہر ایک
طور سے وحی پر مہر لگائی گئی ہی بلکہ جزئی طور وحی اور نبوت کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہیگا
رسالہ توضیح مرام صـ۱۸ـ۱۹) اور لکھا ہی خاکسار محدث ہی اور لکھا ہی المحدث نبی
یعنے محدث نبی ہوتا ہی (توضیح مرام صـ۱۸ـ۱۹) اور کہتا ہی کہ مین نبی بھی ہون امتی بھی
(ازالۂ اوہام صـ۵۳۳) اور آیت ومبشرًا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد مین
اپنے طرف ہی اشارہ ہونیکا دعوی کرتا ہی (ازالۂ اوہام صـ۶۷۳) اور آیت ھو الذی
ارسل رسولہ بالھدی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ درحقیقت اپنے ہی زمانہ سے
متعلق ہونیکا دعوی کرتا ہے (ازالۂ اوہام صـ۶۷۵) اور کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا
سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہین تھا بلکہ وہ نہایت اعلی درجہ کا کشف تھا بعد کہتا ہی
کہ اس قسم کے کشفون مین مولف خود صاحب تجربہ ہی (ازالۂ اوہام صـ۴۷ـ۴۸) اور کہتا ہی کہ
اسلام کو غلطیون اور الحاقات بیجا سے منزہ کرکے وہ تعلیم جو روح وراستی سے بھری ہوئی
ہی خلق اللہ کے سامنے رکھنا خداتعالی نے اپنے سپرد کیا ہی (ازالۂ اوہام صـ۵۹) اور
لکھا ہی کہ خداتعالی نے اس عاجز کو آدم صفی اللہ کا مثیل قرار دیا اور پھر مثیل نوح قرار دیا
اور پھر مثیل یوسف علیہ السلام قرار دیا اور پھر مثیل حضرت داود بیان فرمایا اور پھر مثیل موسی
کرکے بھی اس عاجز کو پکارا پھر اللہ تعالی نے اس عاجز کو مثیل ابراہیم بھی کہا اور پھر آخر مثیل
ٹھہرانے کی یہانتک نوبت پہنچی کہ بار بار یا احمد کے خطاب سے مخاطب کرکے ظلی طور پر مثیل
سید الانبیا و امام الاصفیا حضرت مقدس محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم قرار دیا (ازالۂ اوہام
اور کہتا ہی کہ حضرت مسیح علیہ السلام اور آپ (یعنے شخص مذکور) کے دل مین جو قدیمی محبت ہی

اُسنے خدا کی محبت کو اپنے طرف کھینچ لیا ہی ان دونون محبتون کے ملنے سے تیسری چیز پیدا ہوی جسکا نام روح القدس ہی اور اسکو بطور استعارہ کے ان دونون محبتون کا بیٹا کہنا چاہیئے اور یہہ پاک تثلیث ہی (توضیح مرام صـ۲۲) اور کہتا ہی کہ مسیح اور اسکے علاوہ جنکا مقام ایسا ہی کہ اسکو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہین یعنے ابن اللہ کہہ سکتے ہین (توضیح مرام صـ۲) اور قرآن شریف کے آیتون کی تفسیر صحابہ و تابعین و جمہور مفسرین کے برخلاف اپنی راے سے کرتا ہی اور صحابہ اور تابعین سے اسکی جو تفسیر وارد ہوی ہی اسکو کہتا ہی یہہ سراسر غلط تفسیر ہے (ازالہ اوہام صـ۱۲۹) اور کہتا ہی کہ جبرئیل امین جو انبیا کو دکھائی دیتا ہی وہ بذات خود زمین پر نہین اترتا اور اپنے ہیڈ کوٹر (یعنے صدر مقام) نہایت روشن نیر سے جدا نہین ہوتا ہی بلکہ صرف اوسکی تاثیر نازل ہوتی ہی اور اسکی عکس سے تصویر انکے دل مین (یعنے انبیا کے دلمین) منقوش ہو جاتی ہی (توضیح مرام صـ۶۸ - ۷۰ - ۸۵ - وغیرہ) اور کہتا ہی لیلۃ القدر سے رات مراد نہین بلکہ وہ زمانہ مراد ہی جو بوجہ ظلمت رات کا ہمرنگ ہی اور وہ نبی یا اسکے قایم مقام مجدد کے گذر جانے سے ایک ہزار مہینے کے بعد آتا ہی (فتح اسلام صـ۵۴) اور کہتا ہے کہ آخری زمانہ مین دجال کا آنا سراسر غلط ہی (ازالہ اوہام صـ۲۳۵) اور انبیا کے معجزون کا انکار کرتا ہی انکو مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور مین آنیکا دعوی کرتا ہی (ازالہ اوہام صـ۳۰۵) عیسی علیہ السلام کے معجزات جو قرآن شریف مین واقع ہین یعنے مٹی سے پرندہ بنا کے اسمین پھونکنا اور اندہے اور کوڑہی چنگا کرنا اور مردہ زندہ کرنا ان سب کا انکار کرتا ہی اور وے مسمریزم کے طریق پر ہونیکا قائل ہی (ازالہ اوہام صـ۳۰۵) اور لکھا ہی اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالی کے فضل و توفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیون مین حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا (ازالہ اوہام صـ۳۰۹) اور کہتا ہی کہ یہہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور مشرکانہ خیال ہی

کہ مسیح مٹی کے پرندے بنا کر اور انہیں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا (ازالہ اوہام صفحہ ۳۲۲) اور عیسی علیہ السلام کا باپ یوسف نجار ہونے کا قائل ہے (ازالہ اوہام صفحہ ۳۰۳) اور عیسی علیہ السلام خنزیر کو قتل کرنا جو احادیث صحیحہ مین وارد ہوا ہے اسکے حقیقی معنے خنزیر کا شکار کھیلتے پھرینگے کر کر زعم کرکے اس پر تمسخر و استہزا کرتا ہے (ازالہ اوہام صفحہ ۱۴۱) اور ازواج مطہرات مین کونسی بی بی کا پہلے انتقال ہوگا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگوئی فرمائی تھی اسکے بارہ مین کہتا ہے کہ اس پیشگوئی کی اصل حقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی معلوم نہین تھی (ازالہ اوہام صفحہ ۲۳۶) اور کہتا ہے کہ جسقدر حضرت مسیح کی پیشگوئیان غلط نکلین اسقدر صحیح نکل نہین سکین اور کہتا ہے کہ امور اخباریہ کشفیہ مین اجتہادی غلطی انبیا سے بھی ہو جاتی ہے (ازالہ اوہام صفحہ ۸) اور کہتا ہے جب کہ پیشگوئیون کے سمجھنے کے بارے مین خود انبیا سے امکان غلطی ہے تو پھر امت کا کورانہ اتفاق یا اجماع کیا چیز ہے (ازالہ اوہام صفحہ ۱۴۱) اور شیطانی دخل انبیا اور رسولون کی وحی مین بھی ہو جانے کا دعوی کرکے اسکی سند مین موجودہ توریت جھوٹا یہہ قصہ لکھا ہے کہ ایک بادشاہ کے وقت مین چارسو نبی نے اسکی فتح کے بارہ مین پیشگوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور اسکی توجیہ اپنے طرف سے یہہ بیان کرتا ہے کہ دراصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا نوری فرشتے کے طرف سے نہین تھا اور ان نبیون نے دھوکا کھا کر ربانی سمجھ لیا تھا (ازالہ اوہام صفحہ ۶۲۹) اور کہتا ہے کہ یہہ بھی مدت سے الہام ہو چکا ہے کہ انا انزلناہ قریبا من القادیان و بالحق انزلناہ و بالحق نزل وکان وعد اللہ مفعولا اسکے بعد لکھا ہے کہ پھر اسکے بعد الہام کیا گیا کہ ان علماء نے میرے گھر کو بدل ڈالا۔ اسکے بعد لکھتا ہے کہ کشفی طور پر

مین نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب مرحوم میرے قریب بیٹھکر باآواز بلند
قرآن شریف پڑھ رہے ہین اور پڑھتے پڑھتے انہون نے ان فقرات کو
پڑھا کہ انا انزلناہ قریبا من القادیان تو مین نے سنکر بہت تعجب کیا کہ کیا قادیان
کا نام بھی قرآن شریف مین لکھا ہوا ہے۔ تب انھون نے کہا یہ دیکھو لکھا ہوا ہے
تب مین نے نظر ڈالکر جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ فی الحقیقت قرآن شریف کے داہنے
صفحہ مین شاید قریب نصف کے موقع پر یہی الہامی عبارت لکھی ہوئی موجود ہے
تب مین نے اپنے دل مین کہا کہ ہان واقعی طور پر قادیان کا نام قرآن شریف مین درج
ہے (ازالۂ اوہام ص۔) الغرض اسکے ایسے اقوال بہت ہین بخوف تطویل نہین
لکھے گئے پس ایسے شخص کا اور اسکے تابعدارون کا اور اسکے اقوال کو تصدیق
کرنے والونکا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔ السائل حاجی سید محمد محی الدین

الجواب حامداً للہ وحدہ

ومصلیا ومسلما علی رسولہ سیدنا محمد الذی لا نبی بعدہ

ایسا اعتقادی شخص بشرط ثبوت عقل وعدم جنون بیشک کافر و مرتد و زندیق ہے اور
جسنے اسکی تابعداری یا تصدیق کی وہ بھی مرتد ہے کیونکہ عیسی علیہ السلام کا اپنے جسم سے
آسمان پرجانا اور وہان زندہ رہنا پھر اخیر زمانہ مین اترنا اور امام مہدی کے ساتھ ملنا
اور دجال یکلکر جو الوہیت کا دعوی کریگا اسکو قتل کرنا ان امور سے ہین جنپر ایمان لانا واجب
اور ان مین شک کرنا کفر و ارتداد ہے اور یہی عقیدہ تمام اہل سنت کا ہے ان مین کسی ایک اہل سنت کو
خلاف نہین پھر عیسی علیہ السلام مر گئے اور انکا جسم زمین پر رکھا گیا اور فقط انکی روح
آسمان پر گئی کہکے انکار کرنا نصاری کا عقیدہ ہے اللہ تعالی قرآن شریف مین جو فرمایا
بل رفعہ اللہ الیہ اور فرمایا ورافعک الی وہ نص قطعی ہے عیسی علیہ السلام اپنے جسم کے ساتھ

آسمان پر جانے مین اور جو فرمایا وان من اهل الکتاب الا لیومنن به قبل موته
اور فرمایا وانه لعلم للساعة اسمین دلیل ظاہر ہی انکے نزول پر۔ اور اس مضمون کے
بہت سی احادیث صحیحہ بھی آئی ہین جو حد تواتر کو پہونچی ہین۔ ہم بخوف تطویل چند احادیث
لکھتے ہین۔ اللہ تعالی کی طرف سے جسکے نصیب مین ہدایت ہی اسکو کافی ہین۔
امام المحدثین محمد بن اسمعیل البخاری نے اپنی صحیح کے باب نزول عیسی بن مریم صلی اللہ علیہ وسلم
مین ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب و یقتل
الخنزیر و یضع الجزیة و یفیض المال حتی لا یقبله احد حتی تکون السجدة الواحدة خیرا
من الدنیا وما فیها ثم یقول ابو هریرة واقرؤا ان شئتم وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به
قبل موته ویوم القیامة یکون علیهم شهیدا یعنی قسم ہی اُسکی جسکے دست قدرت مین میری جان
ہی البتہ عنقریب مریم کا بیٹا حاکم عادل ہوکے تم مین اُتریگا سو صلیب کو توڑیگا اور خنزیر کو قتل کریگا
اور جزیہ اُٹھاویگا اور مال بہت ہوگا کہ کوئی اُسکو قبول نہین کریگا یہان تک کہ ایک سجدہ کرنا
دنیا اور جو کچھ اسمین ہے ملنے سے بہتر ہوگا بعد ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا اگر تم چاہو تو اس
آیت کو پڑھو وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته ویوم القیمة یکون علیهم شهیدا اس حدیث کو
مسلم نے بھی اپنی صحیح مین روایت کی ہی اور امام بغوی نے بھی شرح السنہ مین اس حدیث کو
روایت کرکے کہا هذا حدیث متفق علی صحته۔ حاصل اس حدیث کا یہہ ہی کہ آیت مذکورہ مین
قبل موته کے ضمیر کا مرجع عیسی ہی یعنے اہل کتاب کا کوئی شخص نہین مگر ایمان عیسی پر لائیگا عیسے کے مرنیکے آگے
یعنے عیسی علیہ السلام اخیر زمانے مین جب آسمان پر سے اتر ینگے تو اہل کتاب سے کوئی شخص باقی رہیگا
مگر عیسی پر ایمان لائیگا اور وان من اہل الکتاب کا لفظ اگرچہ عموم پر دلالت کرتا ہی لیکن اس عموم سے وہی
اہل کتاب مراد ہین جو عیسی علیہ السلام کو دیکھینگے اور انکے زمانے کو پاوینگے۔ اس آیت مین دوسری
توجیہ بھی آئی ہے لیکن مفسرون کی ایک جماعت نے اسی کو جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہی اختیار کیا

اختیار کیا ہے۔ اور امام ابو جعفر طبری نے اسی قول کو ترجیح دی ہے اور یہی قول قتادہ اور حسن بصری اور عطا وغیرہ کا بھی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ایک روایت ہے جو اسی کو تائید کرتی ہے چنانچہ عنقریب مذکور ہوگی۔

اور بخاری اور مسلم ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کئے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم یعنی تم کیسے ہوگے جبکہ مریم کا بیٹا تم میں اتریگا اور تمھارا امام تمھارے ہیں کا ہی ہوگا۔ اس حدیث کو امام احمد اور بیہقی کتاب الاسماء والصفات میں روایت کئے ہیں اور امام بغوی نے بھی شرح السنہ میں روایت کی ہے اور کہا هذا حديث متفق على صحته علما کہتے ہیں کہ اس حدیث میں جو آیا ہے واماکم منکم یعنے تمہارا امام تمہارے ہیں کا ہی ہوگا سو اس سے مراد امام مہدی ہیں کہ عیسی علیہ السلام آسمان سے اترے بعد صبح کی نماز کو انکے پیچھے اقتدا کرینگے چنانچہ ان مضمون کی احادیث بھی آئی ہیں اور عیسی علیہ السلام نبی ہوکے امام مہدی کی اقتدا کرنا بعید نہیں کیونکہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی عبد الرحمن بن عوف کی اور ابو بکر صدیق کے پیچھے اقتدا فرمایا ہے بعضے کہتے ہیں کہ اماکم منکم سے یہاں عیسی علیہ السلام مراد ہیں یعنی انھوں حاکم ہوکر اترینگے سو قرآن اور سنت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم پر حکم کرینگے

اور مسلم نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لاتزال طائفة من امتى يقاتلون على الحق ظاهرين الى يوم القيامة قال فينزل عيسى بن مريم فيقول اميرهم تعال صل بنا فيقول لا ان بعضكم على بعض امراء تكرمة الله هذه الامة یعنی قیامت تک میری امت سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر لڑائی کرتی غالب رہیگی پھر عیسی بن مریم اترینگے سو مومنوں کا امیر کہیگا آپ آئیے اور ہمارے ساتھ نماز پڑھئے عیسی علیہ السلام کہینگے ایسا نہیں تمہارے ہیں کا بعض تمہارے بعض پر امیر ہیں اللہ تعالی کی طرف سے اس امت کے لئے یہہ بزرگی ہے۔

اور مسلم نے نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے قال ذکر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم الدجال ذات غداۃ فخفض فیہ ورفع حتی ظنناہ فی طائفۃ النخل
فلما رحنا الیہ عرف ذلک فینا فقال ما شانکم قلنا یا رسول اللہ ذکرت الدجال غداۃ
فخفضت فیہ ورفعت حتی ظنناہ فی طائفۃ النخل فقال غیر الدجال اخوفنی علیکم
ان یخرج وانا فیکم فانا حجیجہ دونکم وان یخرج ولست فیکم فامرؤ حجیج نفسہ
واللہ خلیفتی علیکم وعلی کل مسلم انہ شاب قطط عینہ طافیۃ کانی اشبہہ بعبد العزی
بن قطن فمن ادرکہ منکم فلیقرأ علیہ فواتح سورۃ الکہف انہ خارج خلۃ بین الشام و
العراق فعاث یمینا وعاث شمالا یا عباد اللہ فاثبتوا قلنا یا رسول اللہ وما لبثہ
فی الارض قال اربعون یوما یوم کسنۃ ویوم کشہر ویوم کجمعۃ وسائر ایامہ کایامکم
قلنا یا رسول اللہ فذلک الیوم الذی کسنۃ اتکفینا فیہ صلوۃ یوم قال لا اقدروا لہ
قدرہ قلنا یا رسول اللہ وما اسراعہ فی الارض قال کالغیث استدبرتہ الریح فیاتی
علی القوم فیدعوھم فیؤمنون بہ ویستجیبون لہ فیامر السماء فتمطر والارض فتنبت
فتروح علیہم سارحتہم اطول ما کانت ذری واسبغہ ضروعا وامدہ خواصر
ثم یاتی القوم فیدعوھم فیردون علیہ قولہ فینصرف عنہم فیصبحون ممحلین لیس
بایدیہم شیء من اموالہم ویمر بالخربۃ فیقول لہا اخرجی کنوزک فتتبعہ کنوزھا کیعاسیب
النحل ثم یدعو رجلا ممتلئا شبابا فیضربہ بالسیف فیقطعہ جزلتین رمیۃ الغرض
ثم یدعوہ فیقبل ویتہلل وجہہ ویضحک فبینما ہو کذلک اذ بعث اللہ المسیح ابن مریم
فینزل عند المنارۃ البیضاء شرقی دمشق بین مہرودتین واضعا کفیہ علی اجنحۃ ملکین
اذا طأطأ راسہ قطر واذا رفعہ تحدر منہ مثل جمان کاللؤلؤ فلا یحل لکافر یجد ریح
نفسہ الا مات ونفسہ ینتہی حیث ینتہی طرفہ فیطلبہ حتی یدرکہ بباب لد فیقتلہ
ثم یاتی عیسی صلی اللہ علیہ وسلم قوم قد عصمہم اللہ منہ فیمسح عن وجوہہم ویحدثہم .

فبينما هو كذلك اذ اوحى الله الى عيسى عليه الصلوة والسلام انى

قد اخرجت عبادًا لى لا يدان لاحد بقتالهم فحرز عبادى الى الطور ويبعث الله

ياجوج وماجوج وهم من كل حدب ينسلون فيمر اوايلهم على بحيرة طبرية فيشربون

ما فيها ويمر اخرهم فيقولون لقد كان بهذه مرةً ماء ويحصر نبى الله عيسى عليه الصلوة والسلام

واصحابه حتى يكون راس الثور لاحدهم خيرا من مائة دينارٍ لاحدكم اليوم فيرغب نبى الله

عيسى عليه الصلوة والسلام واصحابه فيرسل الله عليهم النغف فى رقابهم فيصبحون

فرسى كموت نفس واحدةٍ ثم يهبط نبى الله عيسى واصحابه الى الارض فلا يجدون فى الارض

موضع شبر الا ملأه زهمهم ونتنهم فيرغب نبى الله عيسى واصحابه الى الله فيرسل الله طيرا

كاعناق البخت فتحملهم فتطرحهم حيث شاء الله ثم يرسل الله مطرًا لا يكن منه بيت مدر

ولا وبر فيغسل الارض حتى يتركها كالزلفة ثم يقال للارض انبتى ثمرتك وردى بركتك

فيومئذ تاكل العصابة من الرمانة ويستظلون بقحفها ويبارك فى الرسل حتى ان اللقحة

من الابل لتكفى الفئام من الناس واللقحة من البقر لتكفى القبيلة من الناس واللقحة من الغنم

لتكفى الفخذ من الناس فبينما هم كذلك اذ بعث الله ريحا طيبا فتاخذهم تحت اباطهم

فتقبض روح كل مومن وكل مسلم ويبقى شرار الناس يتهارجون فيها تهارج الحمر فعليهم

تقوم الساعة. یعنے ایک دن صبح کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا حال ذکر کیا پھر اس مین

اتارا اور چڑھایا یہان تک ہم گمان کیے کہ وہ خرمے کے درختون کے کسی بن مین ہے

پھر ہم جب دوپہر کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے تو ہمارے مین اسکو پایا یعنے

اسکا احوال سننے سے ہم پر جو خوف و دہشت ہوئی تھی اسکو سمجھکے فرمایا تمھارا کیا حال ہے

ہم کہے یا رسول اللہ آپنے صبح کو دجال کا ذکر فرمایا سو اسمین اتارا اور چڑھایا یہان تک کہ وہ

کسی بن مین ہے کرکے ہمکو گمان ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارے

اوپر دجال کے سوا اور چیزون کا خوف مجھکو زیادہ ہے اگر دجال نکلے اور مین تمہارے بیچ ہون تو اسکا حجیج

تم مین یعنی دلیل کہنے والا اور اسکو جھٹلانے والا مین ہون تم اسکو جھٹلانے کی احتیاج نہین
اگر وہ نکلے اور مین تمہارے بیچ نہ رہون تو ہر شخص اپنے نفس کا آپ حجیج ہے تم پر اور ہر مسلمان پر
اللہ تعالی میرا خلیفہ ہے یعنے تمہارا نگہبان اللہ ہے مقرر دجال جوان ہے اسکے بال بہت اکڑے
ہوئے ہین اسکی آنکھ طافیہ ہے یعنے نکل آئی ہے اسکو مین عبدالعزیٰ بن قطن سے تشبیہ دیتا ہون
یعنے دجال عبدالعزی سے مشابہ ہے تمہارے بیچ جو کوئی اسکو پائیگا تو سورہ کہف کے شروع کی
آیتین پڑھے وہ شام وعراق کے درمیان مین کی راہ سے نکلیگا سو داہنے طرف اور بائین
طرف فساد کریگا اے اللہ کے بندے تم ثابت رہو ہم کہے یا رسول اللہ وہ دجال زمین بیچ
کتنے دن رہیگا حضرت نے فرمایا چالیس دن اسکا ایکدن ایک برس کے مانند ہے اور ایکدن
ایک مہینے کے مانند اور ایکدن ایک جمعہ کے مانند یعنے ایک ہفتے کے ہے اور باقی کے دن
تمہارے دنون کے مانند ہین ہم کہے یا رسول اللہ وہ دن جو ایک برس کے اتنا ہوگا ہمین
ایک دن کی نماز پڑھنا ہمکو کفایت کریگا یا نہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کفایت
نہ کریگا اندازہ کرو نماز کیواسطے ایکدن کا اندازہ۔ ہم کہے یا رسول اللہ اسکی جلدی زمین بیچ
کیسی ہے حضرت نے فرمایا غیث کے مانند ہے یعنے مینہہ کے مانند یا ابر کے مانند ہے کہ جسکے
پیچھے ہوا ہے سو ایک قوم پاس آئیگا اور انکو اپنی طرف دعوت کریگا پھر وے اسپر ایمان لاوینگے
اور اسکی دعوت قبول کرینگے تو آسمان کو حکم کریگا سو مینہہ برسیگا اور زمین کو حکم کرے گا
سو اگیگی پھر ان قوم کے جانور جو صبحکو چرنے گئے تھے سو شام کو آوینگے سو انکے کوہان بہت
بلند رہینگے یعنے انکے مواشی نہایت فربہ رہینگے اور انکے کاس بہت بھرے ہوئے رہینگے
انکے پٹھے بہت ہی دراز رہینگے پھر دجال دوسری قوم کے پاس آکے انکو دعوت کریگا وے
اسکی دعوت کو رد کرینگے تو انکے پاس سے چلا جائیگا صبح کو دیکھو تو یہ لوگ قحط زدہ ہونگے
انکے ہاتھ مین انکا کچھ مال باقی نہ رہیگا دجال ویرانے پر گذریگا اور اسکو کہیگا تیرے خزانہ کو
نکال تو اس ویرانے کے خزانے اسکے پیچھے چلینگے جیسے شہد کی کہیون کی ٹکڑی ہے

بعد دجال ایک شخص کو جو بھری جوانی مین ہو بلا لیگا اور اسکو تلوار سے مارکے دو ٹکڑے کرکے
تیر کے نشانے کے مقدار فاصلے سے ڈالیگا پھر اس جوان کو پکاریگا تو زندہ ہو کے آئیگا
اسکا منہہ چمکتا ہوا اور وہ ہنستا ہوا دجال اسی ہی مین تھا کہ یکایک اللہ تعالی مسیح ابن مریم
کو بھیجیگا سو سفید منارے پاس جو دمشق کے شرقی جانب مین ہے اترینگے وہ دو مہرودے
پہنے ہوے اور اپنے ہاتون کے پیچھے دو فرشتون کے بازؤون پر دھرے ہوے اپنے
سر کو جھکائے تو سر سے پسینا ٹپکیگا اور جب سر کو اٹھائے تو عرق کے قطرے موتی کے
دانون کے مانند سر پر سے اترینگے پس ممکن نہین کسی کافر کو کہ انکی سانس کی بھاپ لگے مگر
یہہ کہ مر جائیگا انکی نگاہ جہانتک جاتی ہے انکا دم اتنی دور جائیگا پھر عیسی علیہ السلام دجال کو
طلب کرینگے یہان تک لد کے دروازہ پاس اسکو پاکر اسکو قتل کرینگے بعد عیسی علیہ السلام
کے پاس ایک قوم آئیگی کہ جنکو اللہ تعالی نے دجال سے نگاہ رکہا تھا سو انکے منہہ پوچھینگے اور
انکو انکے مرتبون سے جو بہشت مین ہین خبر دینگے ایسے مین اللہ تعالی عیسی کی طرف وحی بھیجیگا
کہ مقرر مین اپنے کئی بندون کو نکالا ہون کہ کسی کو ان سے جنگ کرنیکی طاقت نہین پس میرے
بندون کو لیجے مومنون کو محافظت کرنے کے لئے کوہ طور پر چڑہا پھر اللہ تعالی یاجوج ماجوج کو
نکالیگا پھر وے ہر بلند و سخت زمین سے شتاب آوینگے اور انمین پیش روان طبریہ کے
بحیرے پر جیسے تالاب پر گذرینگے سو اسکا پانی سب پی لینگے انمین کے پیچھے آنیوالے
اسی پر جب گذرینگے کہینگے اس بحیرے مین کسی وقت پانی تھا ۔ نبی اللہ عیسی علیہ السلام
اور انکے اصحاب محصور رہینگے یہانتک کہ آج تم مین سے کسی ایک کے پاس سو دینار ہونے سے
انمین سے کسی ایک کے پاس بیل کا سر ہونا بہتر ہوگا پھر عیسی علیہ السلام اور انکے اصحاب
اللہ کے پاس یاجوج ماجوج ہلاک ہونیکے لئے دعا کرینگے تب اللہ تعالی انکی گردنون مین
نغف یعنی کیڑون کو بھیجیگا سو سب یکبارگی مرجاوینگے بعد نبی اللہ عیسی اور انکے اصحاب زمین
[illegible]

پھر نبی اللہ عیسیٰ اور انکے اصحاب اللہ کے پاس التجا کرینگے تب اللہ تعالیٰ بختی اونٹوں کی گردنوں کی مانند پرندوں کو بھیجیگا سو انکے لاشوں کو اٹھا کے اللہ تعالیٰ جہاں چاہے وہاں پھینکینگے پھر اللہ تعالیٰ مینہہ برسائیگا کہ جس مینہہ کو مٹی کے گھر اور بالوں کے گھر مانع نہ ہونگے اور ساری زمین کو ایسا دھوئیگا کہ آئینے کے مانند مصفا ہوگی پھر زمین کو کہا جائیگا تیرے پھلوں کو اُگا اور اپنی برکت کو پھیر دے تب ایک انار ایک عصابہ یعنے ایک جماعت کھائیگی اور اسکے چھلکوں سے سایہ بناوینگے اور دودھ میں برکت ہوگی یہانتک کہ اونٹ کے ایک لقحے کا دودھ ایک جماعت کو کفایت کریگا اور گائی کے ایک لقحے کا دودھ ایک قبیلے کے لوگوں کو کافی ہوگا اور بکری کے ایک لقحے کا دودھ لوگوں کی ایک فخذ کو کفایت کریگا لوگ اس ہی حال میں رہینگے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہوا خوشبو بھیجیگا جب اُنکے بغلوں کے نیچے لگیگی تو ہر مومن اور مسلم کی روح کو قبض کریگی اور بد لوگ باقی رہینگے گدہے جیسے مختلط ہوتے ہیں ویسی اختلاط کرینگے انہیں پر قیامت قایم ہوگی۔ اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ بھی روایت کی ہیں۔

اور مسلم نے اپنی صحیح میں حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے قال اطلع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علینا ونحن نتذاکر فقال ما تذکرون قالوا نذکر الساعۃ قال انہا لن تقوم حتی تروا قبلہا عشر آیات فذکر الدخان والدجال والدابۃ وطلوع الشمس من مغربہا ونزول عیسی بن مریم ویاجوج وماجوج الحدیث یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم پاس تشریف لائے اور ہم کچھ تذکرے کر رہے تھے پھر آپ نے فرمایا تم کیا تذکرہ کرتے ہو صحابہ عرض کئے ہم قیامت کا ذکر کرتے تھے فرمایا قیامت نہو گی یہانتک کہ تم اسکے آگے دس نشانیاں دیکھیں پھر بیان فرمایا دخان اور دجال اور دابہ اور طلوع آفتاب کا اسکے مغرب سے اور نزول عیسیٰ بن مریم کا اور یاجوج اور ماجوج الحدیث۔

ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ابی امامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان اکثر خطبتہ حدیثا حدثناہ عن الدجال

ونحذرناه فكان من قوله ان قال انه لم تكن فتنة فی الارض منذ ذرأ الله ذرية آدم

صلی الله عليه وسلم اعظم من فتنة الدجال وان الله عزوجل لم يبعث نبيا الا حذر امته

الدجال وانا اخر الانبياء وانتم اخر الامم وهو خارج فيكم لا محالة وان يخرج وانا بين

ظهرانيكم فانا حجيج لكل مسلم وان يخرج من بعدی فكل امرء حجيج نفسه والله خليفتی

علی كل مسلم وانه يخرج من خلة بين الشام والعراق فيعيث يمينا ويعيث شمالا يا عباد الله

ايها الناس فاثبتوا فانی ساصفه لكم صفة لم يصفها اياه نبی قبلی انه يبدأ فيقول انا نبی

ولا نبی بعدی ثم يثنی فيقول انا ربكم ولا ترون ربكم حتی تموتوا وانه اعور وان ربكم ليس باعور

وانه مكتوب بين عينيه كافر يقرؤه كل مؤمن كاتب وغير كاتب وان من فتنته ان معه

جنة ونارا فناره جنة وجنته نار فمن ابتلی بناره فليستغث بالله وليقرأ فواتح الكهف

فتكون عليه بردا وسلاما كما كانت النار علی ابرهيم عليه السلام وان من فتنته ان يقول

لاعرابی ارايت ان بعثت لك اباك وامك اتشهد انی ربك فيقول نعم فيتمثل له شيطانان

فی صورة ابيه وامه فيقولان يا بنی اتبعه فانه ربك وان من فتنته ان يسلط علی نفس واحدة

فيقتلها وينشرها بالمنشار حتی يلقی شقتين ثم يقول انظروا الی عبدی هذا فانی ابعثه

الآن ثم يزعم ان له ربا غيری فيبعثه الله فيقول له الخبيث من ربك فيقول ربی الله

وانت عدو الله انت الدجال والله ما كنت بعد اشد بصيرة بك منی اليوم وان

من فتنته ان يامر السماء ان تمطر فتمطر ويامر الارض ان تنبت فتنبت وان من فتنته ان يمر بالحی

فيكذبونه فلا تبقی لهم سائمة الا هلكت وان من فتنته ان يمر بالحی فيصدقونه فيامر السماء ان تمطر

فتمطر ويامر الارض ان تنبت فتنبت حتی تروح مواشيهم من يومهم ذالك اسمن ما كانت

واعظمه وامده خواصر وادره ضروعا وانه لا يبقی شیء من الارض الا وطئه وظهر عليه الا مكة

والمدينة فانه لا ياتيهما من نقب من نقابهما الا لقيته الملائكة بالسيوف صلتة حتی ينزل

عند الظريب الاحمر عند منقطع السبخة وترجف المدينة باهلها ثلاث رجفات

فلا یبقی منافق ولا منافقة الا خرج الیه فتنفی الخبث منها کما ینفی الکیر خبث الحدید
ویدعی ذلک الیوم یوم الخلاص فقالت ام شریک بنت ابی العکر یا رسول الله فاین العرب
یومئذ قال هم یومئذ قلیل وجلهم ببیت المقدس امامهم رجل صالح فبینما امامهم قد تقدم
یصلی بهم الصبح اذ نزل علیهم عیسیٰ بن مریم علیہ السلام للصبح فرجع ذلک الامام ینکص
یمشی القهقری لیتقدم عیسیٰ علیہ السلام یصلی بالناس فیضع عیسیٰ یده بین کتفیه ثم یقول له
تقدم فصل فانها لک اقیمت فیصلی بهم امامهم فاذا انصرفوا قال عیسیٰ علیہ السلام افتحوا
الباب فیفتح ووراءه الدجال معه سبعون الف یهودی کلهم ذو سیف محلّی وساج
فاذا نظر الیه الدجال ذاب کما یذوب الملح فی الماء وینطلق هاربا فیقول عیسیٰ علیہ السلام
ان لی فیک ضربة لن تسبقنی بها فیدرکه عند باب اللد الشرقی فیقتله فیهزم الله الیهود
ولا یبقی شیء مما خلق الله عز وجل یتواری به یهودی الا انطق الله ذلک الشیء لا حجر ولا شجر
ولا حائط ولا دابة الا الغرقدة فانها من شجرهم لا تنطق الا قال یا عبد الله المسلم
هذا یهودی فتعال اقتله الحدیث یعنے ایکبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا سو اپنے
اکثر باتیں دجال کے فرمایا اور ہمکو اس سے ڈرایا ازجملہ سخنان یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آدم کی اولاد
کو جب سے پیدا کیا ہے تب سے دجال کے فتنہ سے کوئی فتنہ بڑا زمین پر نہیں ہوا اور اللہ تعالیٰ کسی
نبی کو نہیں بھیجا مگر اس نبی نے دجال سے ڈرایا میں نبیوں کا آخر ہوں اور تم اخیر امت ہو دجال
ناگزیر تمہارے میں ہی نکلیگا پھر اگر وہ نکلے اور میں تمہارے میں موجود ہوں تو میں ہر مسلمان
کیطرف حجیج ہوں یعنی دلیل گو ہوں اگر میرے بعد نکلا تو ہر آدمی اپنی دلیل آپ ہی کہیگا اور اللہ تعالیٰ
ہر مسلمان پر میرا خلیفہ ہوگا اور وہ دجال ایک خلہ سے یعنے راہ سے جو شام و عراق کے درمیان ہے
نکلیگا پھر داہنے اور بائیں طرف فساد کرتا پھریگا ای اللہ کے بندو تم ثابت قدم رہو دجال کی
صفت میں تمکو ایسی بیان کرتا ہوں کہ کسی نبی نے میرے آگے اسکو بیان نہیں کیا وہ پہلا ہی تو
دجال کہیگا میں نبی ہوں حالانکہ میرے پیچھے کوئی نبی نہیں پھر کہیگا میں تمہارا رب ہوں حالانکہ تم

تم اپنے پروردگار کو تم مرے تک نہین دیکھینگے اور وہ دجال کانا ہی اور تمہارا پروردگار
کانا نہین اور اسکے دونون آنکھون کے درمیان کافر لکھا ہوا ہی جو مومن ہی اسکو پڑھیگا خواہ
لکھنا پڑہنا جانے یا نجانے - اسکے فتنون سے یہہ بھی ہی کہ اسکے ساتہہ بہشت اور دوزخ رہینگے
اسکی دوزخ بہشت ہی اور بہشت ہی سو دوزخ ہی اسکی دوزخ کی بلامین کوئی تمہارے مین کا پڑا تو
اللہ تعالی سے مدد مانگے اور سورۂ کہف کے شروع کی آیتین پڑہے تو وہ دوزخ اسپر ٹھنڈک
اور سلامتی ہوجائیگی جیسے ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام پر ہوئی تھی - اسکے فتنون سے یہہ بھی ہی
کہ اعرابی کو بولیگا تیرے ماں باپ کو اگر مین زندہ کرون تو تو کیا مین تیرا رب ہون کہکے اقرار
کریگا وہ بولیگا بہتر پھر دو شیطان اسکی ماں اور باپ کی صورتون سے آئینگے اور کہینگے
بیٹا تو اسکا تابعدار ہو کیونکہ وہ تیرا رب ہی - اسکے فتنون سے یہہ بھی ہی کہ ایک شخص پر مسلط
ہوکے اسکو آرے سے کاٹ کے دو ٹکڑے کریگا بعد لوگون کو کہیگا دیکھو میرے اس بندے کو
اب مین جلاتا ہون وہ زندہ ہوکے بولیگا میرا رب تو نہین وہ سوا کوئی اور ہے پھر اسکو زندہ کرکے
وہ خبیث کہیگا تیرا رب کون ہی وہ شخص بولیگا میرا رب اللہ ہی اور تو اللہ کا دشمن دجال ہے
تیرے حال سے واللہ مجھکو آگے سے زیادہ اب یقین حاصل ہوا - اسکے فتنون سے یہہ بھی ہی
کہ آسمان کو حکم کریگا تو مینہہ برسائیگا زمین کو حکم کریگا تو اُگائیگی - اسکے فتنون سے یہہ بھی ہی کہ کسی
قبیلے پر گذریگا اور وے لوگ اسکی تکذیب کرینگے تو اُنکے جانور جتنے ہین اُتنے سب مر جائینگے اسکے
فتنون سے یہہ بھی ہی کہ کسی قبیلے پر گذریگا اور وہ لوگ اسپر ایمان لاوینگے تو مینہہ کو حکم کریگا کہ انپر
برسے تو مینہہ برسیگا زمین کو حکم کریگا اُگاوے تو اُگائیگی پھر اسی دن انکے جانور نہایت
فربہ اور پیٹ بھرے اور کاس دودھ سے بھرے ہوے ہوجائینگے اور تھوڑی سی زمین خالی نہ رہیگی
جو اسکے پامال ہو نکریگا اور مدینے مین نہ آسکیگا انکے ناکون پر فرشتے تلوار لئے ہوے تکتے ہین اسکو
دفع کرینگے پھر سرخ پہاڑ پاس جہان چور کی زمین منقطع ہوتی ہی آکے اتریگا مدینے کو تین بار
زلزلہ ہوگا پھر کوئی منافق مرد یا عورت مدینے مین باقی نہ رہیگا مگر نکل کے دجال کے پاس چلا جائیگا

سلو مدینہ اپنی اندر کی نجاست کو نکال دیگا جیسا کہ بھٹی میل یا بھٹا لوہے کے گوہ کو نکال دیتا ہے
اس دن کا نام یوم الخلاص ہے ام شریک بنت ابی العکر رضی اللہ عنہا نے کہا یا رسول اللہ
اس دن عرب کہان رہینگے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وے تھوڑے رہینگے اور اکثر
انکے بیت المقدس مین رہینگے انکا امام ایک صالح مرد ہوگا سو ایک دن امام صبح کی نماز
کیواسطے آگے بڑھا کہ اسمین عیسی بن مریم اترینگے وہ امام پچھلے پاؤن ہٹتا ہوا آئیگا تا عیسی
امامت کرے عیسی اسکے دونون شانون مین اپنا ہاتھ رکھکے کہینگے اقامت تمہارے
واسطے کہی گئی تم ہی امام ہوکے نماز پڑھو۔ پھر وہی صالح مرد امام ہوکے نماز پڑھیگا
نماز سے جب فراغت پاوے تو عیسی کہینگے دروازہ کہولو پھر دروازہ کہولے تو اسکے
روبرو دجال رہیگا اسکے ساتھ ستر ہزار یہود رہینگے انکے پاس تلوارین آراستہ سونے کا
کام کئے ہوئے رہینگی اور اوپر سبز طیلسان رہینگے دجال عیسی کو دیکھتے ہی گھلجائیگا جیسا
نمک پانی مین گھلتا ہے پھر وہان سے بھاگیگا عیسی کہینگے میرے پاس تیرے واسطے
ایک مار ہے تو اس سے نہ بچیگا پھر اسکا پیچھا کرکے لد کے دروازے کے پاس
جو شرقی جہت مین ہے قتل کرینگے اللہ تعالی اسکے ساتھ یہودیون کو شکست دیگا اللہ تعالی
جس چیز کو پیدا کیا ہے اسکے پاس یہود جاکے پوشیدہ ہونا چاہینگے پتھر ہو یا درخت جانور
یا دیوار اللہ تعالی اس مخلوق کو زبان دیگا وہ پکار اٹھیگا ای اللہ کے مسلمان بندے
یہہ یہود وہی ہے تو آکے اسکو قتل کر مگر غرقد نہ بولیگا کیا واسطے وہ یہود کا جہاڑ ہے
الحدیث ابن ماجہ نے اس حدیث کی آخر مین لکھا ہے سمعت ابا الحسن الطنافسی
یقول سمعت عبد الرحمن المحاربی یقول ینبغی ان یدفع ھذا الحدیث الی المودب
حتی یعلمہ الصبیان فی الکتاب یعنی مین نے ابو الحسن طنافسی کو سنا وہ کہا مین نے
عبد الرحمن المحاربی کو سنا کہتا تھا سزاوار ہے کہ اس حدیث کو مودب کو دیا تاکہ مکتبخانہ
مین بچون کو سکھلا دے ابو داود نے اپنی سنن کے باب ذکر خروج الدجال

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیس بینی
وبینہ یعنی عیسی علیہ السلام نبی وانہ نازل فاذا رایتموہ فاعرفوہ رجل مربوع الی
الحمرۃ والبیاض بین ممصرتین کان راسہ یقطر وان لم یصبہ بلل فیقاتل الناس علی
الاسلام فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویھلک اللہ فی زمانہ الملل کلھا الا
الاسلام ویھلک المسیح الدجال فیمکث فی الارض اربعین سنۃ ثم یتوفی فیصلی علیہ
المسلمون یعنے میرے اور عیسی کے درمیان کوئی نبی نہین اور مقرر انہون اترینگے تم انہونکو
دیکھے تو پہچانو کہ انہون میانہ قد ہین سرخ وسفید انپر ممصرد و کپڑے رہینگے یعنی تھوڑا
زردی ملی ہوئی گویا انکے سر کے بالون سے پانی ٹپکتا ہے اگرچہ پانی کی ترادت نہ پہنچے
اور لڑائی کرینگے لوگون سے اسلام لانے پر پھر صلیب کو توڑینگے اور خنزیر کو مارڈالینگے
اور جزیہ کو اٹھادینگے اور انکے زمانے مین سوائے اسلام کے دوسرے سب ملتون کو اللہ تعالے
نابود کریگا اور مسیح دجال کو ہلاک کریگا پھر عیسی چالیس برس زمین پر ٹھیرے رہینگے
بعد مرینگے پھر مسلمان انپر نماز پڑھینگے۔ امام احمد نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الانبیاء اخوۃ العلات امہاتہم شتی
ودینہم واحد وانی اولی الناس بعیسی بن مریم لانہ لم یکن نبی بینی وبینہ وانہ نازل
فاذا رایتموہ فاعرفوہ رجل مربوع الی الحمرۃ والبیاض علیہ ثوبان ممصران کان راسہ
یقطر وان لم یصبہ بلل فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویدعو الناس
الی الاسلام ویھلک اللہ فی زمانہ الملل کلھا الا الاسلام ویھلک اللہ فی زمانہ المسیح الدجال
ثم تقع الامانۃ علی الارض حتی ترتع الاسود مع الابل والنمار مع البقر والذئاب مع الغنم
ویلعب الصبیان بالحیات لا تضرھم فیمکث اربعین ثم یتوفی ویصلی علیہ المسلمون
یعنے انبیا سوتیلے بھائی ہین انکے مائین علاحدے ہین اور دین انکا ایک ہی ہے اور لوگون
مین سے عیسی بن مریم کے ساتھ زیادہ لائق ہون یعنے احق اور نزدیکتر ہون کیا واسطے میرے ا

ان کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے اور مقرر اہون اتر ینگے تم انہون کو دیکھو تو پہچان لو کہ انہون
میانہ قد ہین سرخ و سفید ان پر ممصر دو کپڑے رہینگے گویا ان کے سر کے بالون سے
پانی ٹپکتا ہے اگرچہ پانی کی ترا وت نہ پہنچی پھر صلیب کو توڑینگے اور خنزیر کو مار ہی ڈالینگے
اور جزیہ کو اٹھا دینگے اور لوگون کو اسلام کیطرف بلوائینگے انکے زمانے مین سوا ے اسلام کے
دوسرے سب ملتون کو اللہ تعالی نابود کریگا اور اللہ تعالی مسیح الدجال کو انکے زمانے میں
ہلاک کریگا پھر زمین پر امن ہو جائیگا باگ اونٹ کے ساتھہ اور چیتا گائی کے ساتھہ اور بھیڑیا
بکری کے ساتھہ ملکر چرینگے اور آدمی کے بچے سانپون کے ساتھہ ملکے کھیلینگے تو سانپ انکو
ایذا نہ دینگے سو عیسی چالیس برس ٹھہرے رہینگے بعد مرینگے مسلمان انپر نماز پڑھینگے
اس حدیث کو حاکم نے بھی مستدرک مین روایت کی اسکا لفظ یہ ہے ان روح اللہ عیسی
نازل فیکم فاذا رایتموہ فاعرفوہ الحدیث ۔ امام احمد اور ابن ابی شیبہ
اور سعید بن منصور اور بیہقی نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقیت لیلۃ اسری بی ابرھیم وموسی وعیسی علیہم السلام
فتذاکروا امر الساعۃ فردوا امرھم الی ابرھیم فقال لا علم لی بھا فردوا امرھم الی موسی
فقال لا علم لی بھا فردوا امرھم الی عیسی فقال اما وجبتھا فلا یعلم بھا احد الا اللہ
وفیما عھد الی ربی عزوجل ان الدجال خارج ومعی قضیبان فاذا رانی ذاب
کما یذوب الرصاص فیھلکہ اللہ اذا رانی حتی ان الحجر والشجر یقول یا مسلم ان تحتی
کافرا فتعال فاقتلہ فیھلکھم اللہ الحدیث یعنے ملاقات کیا مین نے شب معراج
مین ابراہیم اور موسی اور عیسی علیہم السلام سے پھر قیام قیامت کا مذاکرہ کرنے لگے کہ کب ہوگی
سب اس سوال کو ابراہیم پر پیش کئے تو ابراہیم کہے مجھکو اسکا علم نہین پھر موسی پر پیش کئے تو
موسی کہے مجھکو اسکا علم نہین پھر عیسی پر پیش کئے تو کہے کہ قیامت کا عین وقت وقوع سوا
اللہ کے کوئی نہین جانتا لیکن میرا رب عزوجل مجھہ سے عہد کیا ہے کہ دجال نکلنے والا ہے

اور میرے ہاتھ مین دو چھڑی رہینگی پس جب دجال مجھکو دیکھیگا تو پگھلیگا جیسا سیسا پگھلتا
ہے پھر اللہ تعالی دجال کو ہلاک کریگا جب مجھکو دیکھیگا یہان تک کہ پتھر اور جھاڑ کہینگے ای
مسلمان مقرر میرے نیچے کافر ہے تو آکے اسکو قتل کر پھر اللہ تعالی ان سب کو ہلاک کریگا
الحدیث اس حدیث کو ابن ماجہ نے اپنی سنن مین بھی روایت کی ہے اسمین ہے فذکر
خروج الدجال قال فانزل فاقتله یعنے عیسی علیہ السلام نے دجال نکلنے کو ذکر کرکے
فرمایا کہ آپ اترکے اسکو قتل کرونگا اور اس حدیث کو حاکم بھی اپنی مستدرک مین روایت
کی ہے اسمین ہے فذکر من خروج الدجال فاهبط فاقتله یعنے عیسے علیہ السلام نے دجال
کے نکلنے کو ذکر کرکے فرمایا کہ مین اترکے اسکو قتل کرونگا حاکم کہا اسکی اسناد صحیح ہے
اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ دجال کو قتل کرنے وہی عیسی علیہ السلام آئینگے
جن پر انجیل نازل ہوی اور آپ آسمان پر موجود ہین -

اور سعید بن منصور اور نسائی اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
روایت کی لما اراد الله ان یرفع عیسی الی السماء خرج الی اصحابه وفی البیت اثنا عشر
رجلا من الحواریین فخرج علیهم من عین فی البیت وراسه یقطر ماء فقال ان منکم
من یکفر بی اثنی عشر مرة بعد ان امن بی ثم قال ایکم یلقی علیه شبهی فیقتل مکانی فیکون معی
فی درجتی فقام شاب من احدثهم سنا فقال له اجلس ثم اعاد علیهم ثم قام الشاب فقال
اجلس ثم اعاد علیهم فقام الشاب فقال انا فقال انت ذاک فالقی علیه شبه عیسی و
رفع عیسی من روزنة فی البیت الی السماء الحدیث یعنی اللہ تعالی جب عیسی علیہ السلام
کو آسمان پر اٹھالیجانیکا ارادہ کیا تو عیسی نے اپنے اصحاب کے پاس آیا اور اس گھر مین عیسی کے
بارہ حواری تھے اس گھر مین ایک چشمہ تھا عیسی اس مین سے نکل آئے انکے سر کے بالون سے
پانی کے قطرے ٹپکتے تھے سو عیسی علیہ السلام نے انکو فرمایا تمہارے مین سے ایک شخص میرے پر ایمان
لایا سو بارہ دفعہ میرے سے کفر کریگا بعد فرمایا تمہارے مین کون شخص چاہتا ہے کہ میرا شبیہ

اور میرے در عوض مارا جاوے اور میرے ساتھ میرے درجہ مین رہے انہین سے ایک کم عمر جوان تھا کہڑا رہا اور بولا مین ہوتا ہون عیسیٰ نے اسکو کہا بیٹھہ اور اس کو دوبارہ فرمایا وہی جوان اٹھہ کے کہا مین حاضر ہون عیسیٰ نے اسکو فرمایا بیٹھہ اور پھر اس کلام کا اعادہ کیا پھر وہی جوان کھڑے ہو کے کہا مین ہون عیسیٰ نے فرمایا وہ تو ہی ہے پھر وہ شخص عیسیٰ کا ہمشکل بنگیا عیسیٰ علیہ السلام گھر کے ایک جھروکے مین سے نکل کے آسمان پر چلے گئے الحدیث

اور نسائی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ان رهطا من الیهود سبوه وامه فدعا علیهم فمسخهم الله قردة وخنازیر فاجتمعت الیهود علی قتله فاخبره الله تعالی بانه یرفعه الی السماء ویطهره من صحبة الیهود فقال لاصحابه ایکم یرضی ان یلقی الله شبهی فیقتل ویصلب ویدخل الجنة فقال رجل منهم انا فالقی الله علیه شبهه فقتل وصلب الحدیث

یعنی ایک جماعت یہود کی عیسیٰ علیہ السلام اور انکی مان کو گالیان دی تب عیسیٰ علیہ السلام انپر بد دعا کی سو اللہ تعالی اس جماعت کو مسخ کر کے بندر اور خنازیر بنا دیا پھر یہود عیسیٰ علیہ السلام کے قتل پر جمع پڑے سو اللہ تعالی عیسیٰ علیہ السلام کو خبر دیا کہ انکو آسمان پر لیجاتا ہون اور یہود کی صحبت سے پاک کرتا ہون پھر عیسیٰ علیہ السلام اپنے اصحاب کو کہے تمہارے مین کون شخص راضی ہوتا ہے کہ اللہ تعالی اسکو میرا شبیہ کرے سو قتل کیا جاوے اور سولی دیا جاوے اور جنت مین داخل ہووے پھر انہین سے ایک شخص کہا مین راضی ہون تب اللہ تعالی اسکو عیسیٰ کا شبیہ کیا پھر وہ قتل کیے گیا اور سولی دیئے گیا الحدیث۔

ابن ابی حاتم نے حسن سے روایت کی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للیهود ان عیسیٰ لم یمت وانه راجع الیکم قبل یوم القیامة یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو فرمایا مقرر عیسیٰ نہین مرا اور انہون روز قیامت کے آگے تمہاری طرف لوٹنے والے ہین۔

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے ربیع سے روایت کی قال ان النصاری اتوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فخاصموه فی عیسی بن مریم وقالوا له من ابوه وقالوا علی الله الکذب والبهتان فقال لهم

النبی صلی الله علیه وسلم الستم تعلمون انه لا یکون ولد الا وھو یشبه اباه قالوا بلی قال الستم
تعلمون ان ربنا حی لا یموت وان عیسی یاتی علیه الفنا الحدیث یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کے نزدیک نصاری کی ایک جماعت آئی سو عیسی بن مریم میں جھگڑنے لگی اور کہی انکا باپ کون ہے
اور اللہ تعالی پر کذب وبہتان کہنے لگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی لڑکا نہیں
پیدا ہوتا مگر وہ اپنے باپ سے شبیہ رہتا سو تم جانتے ہو یا نہیں کہے ہاں تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہمارا رب زندہ ہے نہ مریگا اور عیسی پر فنا آویگی سو تم جانتے ہو یا نہیں الحدیث دیکھو
اس حدیث میں عیسی پر موت آویگی کرکے فرمایا اور عیسی فنا ہوگئے کرکے نہیں فرمایا۔
روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کنا فی المسجد نتذاکر فضل الانبیاء علیہم السلام
فذکرنا نوحا علیہ السلام بطول عبادته وابرهیم علیه السلام بخلته وموسی علیه السلام
بتکلیم الله تعالی ایاه وعیسی علیه السلام برفعه الی السماء وقلنا رسول الله صلی الله علیه وسلم
افضل منهم بعث الی الناس کافة وغفر له ما تقدم من ذنبه وما تاخر وهو خاتم الانبیاء
علیهم السلام فدخل علینا فقال فیم انتم فذکرنا له آه یعنی یکبارگی ہم صحابہ میں انبیا علیہم السلام
کے فضل کو بیان کر رہے تھے سو نوح علیہ السلام کا ذکر کیے انکی طول عبادت سے اور ابراہیم
علیہ السلام کا انکی خلت سے اور موسی علیہ السلام کا اللہ تعالی ان سے بات کرنے میں اور
عیسی علیہ السلام کا اللہ تعالی ان کو آسمان پر لیجانے میں اور ہم کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سب انبیا سے افضل ہیں کہ آپ کافۃ ناس یعنی سب لوگوں طرف مبعوث ہوئے ہیں اور
آپ کے اگلے پچھلے گناہ مغفرت کیے گئے اور آپ خاتم الانبیا ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ہمارے نزدیک تشریف لائے سو فرمایا تم کیا ذکر کرتے تھے سو ہم عرض کیے الحدیث۔
بزار اور طبرانی نے سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ینزل عیسی بن مریم مصدقا بمحمد صلی الله علیه وسلم وعلی ملته فیقتل الدجال ثم
انما هو قیام الساعة یعنی اترینگے عیسی بن مریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے ہوئے

اور انہیں کی ملت پر پھر قتل کرینگے دجال کو اسکے بعد کچھ نہیں پر یہہ کہ قیامت قایم ہوگی۔
اور طبرانی معجم کبیر میں اور بیہقی شعب الایمان میں عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے
روایت کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یلبث الدجال فیکم ماشاء اللہ ثم
ینزل عیسی بن مریم مصدقا بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ملتہ اماما مھدیا وحکما
عدلا فیقتل الدجال یعنے تمہارے بیچ دجال جبتک خدا چاہے ٹھہرا رہیگا اسکے بعد عیسی بن
مریم اترینگے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے ہوئے اور انہیں کی ملت پر امام ہدایت
پایا ہوا اور حاکم عادل۔ پھر دجال کو قتل کرینگے۔ حافظ سیوطی نے کہا کہ اسکی سند جید ہے
اور ابن عساکر نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
الا ان ابن مریم لیس بینی وبینہ نبی ولا رسول الا انہ خلیفتی فی امتی من بعدی
یعنے سنیو مقرر ابن مریم کے اور میرے درمیان نہ کوئی نبی اور نہ کوئی رسول ہے سنیو
میرے بعد میری امت پر مقرر وہ میرا خلیفہ ہے۔ اور[18] ابن عساکر نے ابی ہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیھبطن اللہ عیسی بن مریم حکما
عدلا واماما مقسطا فلیسلکن فج الروحاء حاجا او معتمرا ولیقفن علی قبری
لیسلمن علی ولارون علیہ یعنے البتہ اتاریگا اللہ تعالی عیسی بن مریم کو حاکم عادل اور امام
منصف کرکے پھر حج یا عمرہ کرتے ہوئے روحا کی راہ میں چلینگے اور البتہ میری قبر کے
پاس کھڑے رہکر مجکو سلام کرینگے اور البتہ میں انکے سلام کا جواب دونگا۔ اور[19] ابوداود
طیالسی نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
یمکث عیسی علیہ الصلوۃ والسلام فی الارض بعد ما ینزل اربعین سنۃ ثم یموت
ویصلی علیہ المسلمون ویدفنونہ یعنے عیسی علیہ الصلوۃ والسلام اترے بعد زمین پر
چالیس سال رہینگے اسکے بعد مرینگے اور مسلمانان انپر نماز پڑھینگے اور دفن کرینگے۔
[20] حکیم ابو عبد اللہ الترمذی نے نوادر الاصول میں عبد الرحمن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا والذی بعثنی بالحق لیجدن ابن مریم فی امتی
خلفا من حواریہ یعنے قسم ہے اسکی جسنے مجکو حق کے ساتھہ بھیجا ہر اینہ ابن مریم میری امت میں
اپنے حواری کا بدل پاویگا یعنے عیسی علیہ السلام کو آسمان پر جانیکے قبل حواریان تھے سو انکے عوض
میری امت کے چند لوگ جو حواری کے مثل ہونگے عیسی علیہ السلام کے نزدیک رہینگے اور روایت
کی ہے ابو یعلی نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیدرکن
رجال من امتی عیسی بن مریم علیہ الصلوۃ والسلام ولیشہدن قتال الدجال
یعنے البتہ پاوینگے میری امت سے چند لوگ عیسی بن مریم علیہ الصلوۃ والسلام کو اور البتہ
حاضر ہونگے دجال کے قتال مین۔

حاکم نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من ادرک
منکم عیسی بن مریم فلیقرئہ منی السلام یعنے جو شخص تمہارے سے عیسی بن مریم کو پاویگا
تو چاہیے اسکو میرا سلام کہے۔ حاکم نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے۔ یاد رکھیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
اپنی امت کو عیسی علیہ السلام کو سلام پہونچانیکے باب مین وصیت فرمائی ہے پھر جو شخص عیسی علیہ السلام کو
پاویگا تو اسکو ضرور ہے کہ سلام پہونچاوے اور یہہ خیال رکھنا کہ کوئی زندیق آپ عیسی بن مریم
ہونے کا دعوی کیا تو اسکو سلام نہین پہونچانا بلکہ وہ عیسی علیہ السلام جو آسمان سے تشریف
لاوینگے انکو پہونچانا ہے۔

ابن ابی شیبہ اور امام احمد نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ ایکبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
میرے پاس تشریف لائے اور مین روتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسلئے روتی
مین کہی یا رسول اللہ آپنے دجال کا ذکر کیا اسلئے مین روئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
ان یخرج الدجال وانا حی کفیتموہ وان یخرج بعدی فان ربکم لیس باعور وانہ یخرج
فی یھودیۃ اصبھان حتی یاتی المدینۃ فینزل ناحیتھا ولھا یومئذ سبعۃ ابواب علی کل
نقب منھا ملکان فیخرج الیہ شرار اھلھا حتی یاتی الشام مدینۃ بفلسطین بباب

فینزل عیسی فیقتله و یمکث عیسی فی الارض اربعین سنة اماما عدلا وحکما مقسطا
یعنی اگر دجال نکلا اور مین زندہ رہون تو تمکو بس ہون اگر میرے بعد نکلا تو تم پہچانو کہ مقرر
تمہارا پروردگار کانا نہین ہے بیشک دجال اصبہان کے یہودیہ سے نکلیگا یہان تک کہ
مدینے کو آکے اسکے ایکجانب مین اتریگا اسوقت مدینے کو سات دروازے رہینگے
اسکے ہر راستے پر دو فرشتے رہینگے مدینہ مین بدلوگ جو ہین سب نکلکے دجال کے پاس
جاوینگے بعد دجال فلسطین کے علاقہ مین شام کا شہر جو ہے وہان جا کے لُد کے دروازہ پاس
اتریگا پھر عیسی بن مریم اتر کے اسکو قتل کرینگے اور عیسیٰ زمین پر چالیس برس تک امام دل
اور حکم بقسط ہو رہینگے -

ابن عساکر نے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے ایک طویل حدیث روایت کی
اسمین مذکور ہے بینما ہم کذلک اذ سمعوا صوتا من السماء ان ابشروا فقد اتاکم الغوث
فیقولون نزل عیسی بن مریم فیستبشرون ویستبشر بهم و یقولون صل یا روح اللہ
فیقول ان اللہ اکرم هذه الامة فلا ینبغی لاحد ان یؤمهم الا منهم فیصلی امیر المومنین
بالناس و یصلی عیسی خلفه الحدیث یعنی لوگ اسی حالت مین یعنی سختی و مشقت مین رہینگے
دفعةً آسمان سے آواز سنینگے کہ ای لوگو خوش ہو جو تمہارا فریادرس آیا سو لوگ ایک دوسرے
کہینگے عیسی بن مریم اترے ہین پھر لوگ خوش ہونگے اور عیسی علیہ السلام بھی لوگ سے خوش
ہونگے اور لوگ عیسی علیہ السلام کو کہینگے یا روح اللہ نماز پڑھیئے تو عیسی علیہ السلام فرماوینگے
مقرر اللہ تعالی نے اس امت کو بزرگی دی ہے سوا انکے سوای دوسرے کسی کو انکی
امامت کرنا سزا وار نہین پھر مومنون کا امیر لوگ کے ساتھہ نماز پڑھیگا اور عیسی علیہ السلام
اسکے پیچھے نماز پڑھینگے الحدیث -

ابن ابی شیبہ نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کی قال ینزل المسیح بن مریم
فاذا راه الدجال ذاب کما یذوب الشحمة فیقتل الدجال و یفرق عنه الیهود فیقتلون

حتیٰ ان الحجر یقول یا عبد اللہ للمسلم ھذا یھودی فتعال فاقتلہ یعنے مسیح بن مریم اترینگے پھر انکو دجال دیکھا تو پگلیگا جیسا چربی پگلتی ہے پس عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کرینگے اور یہود متفرق ہو جاوینگے سو لوگ قتل کرینگے یہان تک کہ مسلمان کو پتھر کہیگا ای اللہ کے بندہ یہہ یہودی ہے سو تو آکے اسکو قتل کر۔

